8968 ـ آئیسکریم میں الکحل ملانا

سوال

میری عمر اکیس برس ہے اور میں پانچ برس سے آئیسکریم کی دوکان پر کام کر رہا ہوں، سب کچھ صحیح طرح چل رہا ہے لیکن صرف اتنا ہے کہ مجھ پر انکشاف ہوا ہے کہ تین قسم کی آئیسکریم ایسی ہے جس میں بہت قلیل سی مقدار میں ہوتی ہے جس سے نشہ نہیں ہوتا، تو کیا اسے فروخت کرنا اور کھانا حرام ہے، اور کیا اس دوکان پر کام کرنا بھی، میرا خیال ہے کہ آئیسکریم میں ذائقہ ملاتے وقت یہ الکحل اڑ جاتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہماری رائے تو یہی ہے کہ اگر یہ تناسب انتہائی قلیل ہو اور جو دوسرے میں ختم ہو چکا ہو تو اس کا کوئی اثر باقی نہیں رہتا، اور اڑ جاتا ہے، اس بنا پر وہ اس جگہ ہی رہے، اور یہ قلیل سی مقدار اسے کوئی نقصان نہیں دیگی.

واللہ اعلم .